# شرکت کی شرح

10,922 ملازمین میں سے، 8,176 ملازمین نے 2020 ایچ ڈی ایس بی عملہ کی مردم شماری مکمل کی، جو کہ مجموعی شرکت کی شرح 75% ہے۔

### شرکت کی شرح




### ایچ ڈی ایس بی کے مردم شماری میں حصہ لینے والے عملہ کی تعداد



# زبان(نیں)


## ایچ ڈی ایس بی کے عملہ کی زبان(نوں) کی جزئیاتی تفصیل

عملہ سے کہا گیا کہ وہ ان زبانوں کی نشاندہی کریں جن میں وہ آرام سے بات چیت کر سکتے ہیں۔ مجموعی طور پر، ایچ ڈی ایس بی کے عملہ کے ذریعہ **114 سے زیادہ** زبانیں رپورٹ کی گئیں۔ عملہ نے **پانچ زبانوں تک** بولنے پر قادر ہونے کی اطلاع دی، **30٪ عملہ متعدد زبانیں بولنے میں آرام دہ ہے۔**

سب سے زیادہ **کثرت سے منتخب کی جانے والی زبانیں یہ تھیں: انگریزی، انگریزی / فرانسیسی، اور متعدد زبانوں کا مجموعہ جس میں امریکن سائن لینگویج (امریکی اشاراتی زبان)** بھی شامل ہے۔ ایچ ڈی ایس بی کے عملہ کے ذریعہ بولی جانے والی اضافی زبانوں میں شامل ہیں: **عربی، اطالوی، چینی، پرتگالی، پولش، سربیائی، ہسپانوی، پنجابی اور انڈی جینس زبانیں۔**

### ایچ ڈی ایس بی کے عملہ کی زبان(نیں)

- انگریزی-5,125 جواب دہندگان(66٪)
- متعدد زبانیں-1,460 جواب دہندگان(19٪)
- انگریزی، فرانسیسی-848 جواب دہندگان(11٪)
- اضافی زبان(زبانیں) غیر درج شدہ-97 جواب دہندگان(1٪)
- اردو-57 جواب دہندگان(0.73٪)
- امریکی اشاراتی زبان اور اضافی زبانیں-56 جواب دہندگان(0.72٪)
- عربی-37 جواب دہندگان(0.47٪)
- اطالوی-24 جواب دہندگان(0.31٪)
- چینی-21 جواب دہندگان(0.27٪)
- پرتگالی-21 جواب دہندگان(0.27٪)
- پولش-18 جواب دہندگان(0.23٪)
- سربین-18 جواب دہندگان(0.23٪)
- ہسپانوی-18 جواب دہندگان(0.23٪)
- پنجابی-17 جواب دہندگان(0.22٪)
- انڈی جینس زبانیں اور اضافی زبانیں-4 جواب دہندگان(0.05٪)




# نسلی / ثقافتی پس منظر

## ایچ ڈی ایس بی عملہ نسلی / ثقافتی پس منظر کی جزئیاتی تفصیل

**عملہ نے اختیارات کی فہرست میں سے انتخاب کر کے اور / یا کھلے ٹیکسٹ (بیانیہ) باکس میں اپنی نسل درج کر کے اپنے نسلی / ثقافتی پس منظر (زبانوں) کی اطلاع دی۔ عملہ کے ارکان نے 240 سے زیادہ نسلی / ثقافتی گروہوں کی اطلاع دی جن میں سے 40 فیصد متعدد نسلی / ثقافتی شناختوں کے ساتھ شناخت کرتے ہیں۔ سب سے زیادہ کثرت سے واحد نسلی / ثقافتی گروہ کینیڈا، انگریزی، پاکستانی، مشرقی ہندوستانی، اطالوی، سکاٹش، پرتگالی، آئرش اور چینی تھے۔**

### ایچ ڈی ایس بی کے عملہ کا نسلی پس منظر

- متعدد نسلیں-2,864 جواب دہندگان (40٪)
- کینیڈین-2,569 جواب دہندگان (36٪)
- اضافی نسلی / ثقافتی شناخت جو نہیں دکھائی گئی-492 جواب دہندگان (7٪)
- انگریزی-344 جواب دہندگان (5٪)
- پاکستانی-204 جواب دہندگان (3٪)
- مشرقی ہندوستانی-168 جواب دہندگان (2٪)
- اطالوی-151 جواب دہندگان (2٪)
- سکاٹش-105 جواب دہندگان (1٪)
- پرتگالی-82 جواب دہندگان (1٪)
- آئرش-80 جواب دہندگان (1٪)
- چینی-78 جواب دہندگان (1٪)




# نسل

عملہ نے اپنی نسلی شناخت کے بارہ میں اختیارات کی فہرست میں سے انتخاب کر کے، متعدد نسلی زمروں کو منتخب کرنے اور کھلے ٹیکسٹ باکس (بیانیہ ڈبہ) میں اضافی اختیارات درج کرنے کے ساتھ اندراج کیا۔ **کل 110 نسلی شناختوں اور ان کے متعلقہ مجموعوں کی نشاندہی کی گئی۔** نسلی گروہ وائٹ **(سفید فام)** اور **جنوبی ایشیائی گروپ**، سب سے زیادہ درج کی گئی اختیارات تھیں (بالترتیب 82٪ اور 6٪)۔ اگلے سب سے زیادہ درج ہونے والے گروہ **مشرقی ایشیائی، سیاہ، مشرق وسطی، جنوب مشرقی ایشیائی، لاطینی / لاٹینا / لاٹینکس، کثیر نسلی، اور انڈی جینس** تھے۔

اعداد و شمار کے تجزیہ اور رپورٹنگ کے لیے نو آبادیاتی مخالف (اینٹی کالونیل) نقطہ نظر کے بعد، ہم فی الحال اس بات کا جائزہ لے رہے ہیں کہ جواب دہندگان کے نام ظاہر نہ کرنے کا احترام کرتے ہوئے، ہم سب سے زیادہ جامع انداز میں کثیر نسلی شناخت والے گروپ کی رپورٹ (کا اندراج) کیسے کریں۔ اگلی ڈیٹا ریلیز میں کثیر النسلی شناختوں کی تقسیم کی اطلاع دی جائے گی۔

## ایچ ڈی ایس بی عملہ کی جزئیاتی تفصیل




### ایچ ڈی ایس بی عملہ کی نسل

- سفید فام - 6,259 جواب دہندگان (82٪)
- جنوبی ایشیائی - 470 جواب دہندگان (6٪)
- مشرقی ایشیائی - 196 جواب دہندگان (3٪)
- سیاہ فام - 162 جواب دہندگان (2٪)
- جنوب مشرقی ایشیائی - 139 جواب دہندگان (2٪)
- مشرق وسطیٰ - 152 جواب دہندگان (2٪)
- کثیر النسل* - 181 جواب دہندگان (2٪)
- جواب دہندگان (1٪) 63 لاطینی / لاٹینا / لاٹینکس۔
- انڈی جینس - 22 جواب دہندگان (<0.03٪)

* کثیر نسلی زمرے کا تجزیہ جاری ہے اور اگلے ڈیٹا ریلیز میں اس کی اطلاع دی جائے گی۔

HDSB STAFF Census

# انڈی جینس شناخت


عملہ سے دو سوالوں پر مقامی شناخت ظاہر کرنے کو کہا گیا۔ ایک سوال **کینیڈا کے اندر انڈی جینئٹی (انڈی جینس شناخت)** سے متعلق تھا، جب کہ دوسرے سوال میں **کینیڈا سے باہر انڈی جینئٹی (انڈی جینس شناخت)** سے متعلق خصوصیت ظاہر کی گئی تھی۔ ایچ ڈی ایس بی میں، **عملہ کے 1.3 ٪ ارکان کی شناخت فرسٹ نیشنز، میٹیس، انوایٹ اور / یا تینوں کے مجموعہ کے طور پر کی گئی ہے۔**

کینیڈا سے باہر مقامی شناخت کے حوالہ سے **1 ٪ سے کم عملہ کی شناخت کینیڈا سے باہر کے انڈی جینس کے طور پر کی گئی ہے۔**

## کینیڈا میں انڈی جینس شناخت

### ایچ ڈی ایس بی کے عملہ میں انڈی جینس شناخت (اندرون کینیڈا)


- نہیں-7,785 جواب دہندگان (98.7٪)
- ہاں، فرسٹ نیشنز-50 جواب دہندگان (0.63٪)
- جواب دہندگان (0.61٪) 48 ہاں، میٹیس۔
- جواب دہندگان (0.05٪) 4 ہاں، انوایٹ۔
- جی ہاں، کثیر الجہتی انڈی جینس شناخت-3 جواب دہندگان (0.04٪)




## کینیڈا سے باہر انڈی جینس شناخت

### ایچ ڈی ایس بی کے عملہ میں انڈی جینس شناخت (بیرون کینیڈا)

- نہیں-7,792 جواب دہندگان (99.5٪)
- ہاں-36 جواب دہندگان (.5٪)




# مذہب/روحانی وابستگی

عملہ نے اختیارات کی فہرست میں سے انتخاب کرکے اور/یا کھلے ٹیکسٹ باکس (بیانیہ ڈبہ) میں اپنی پسند درج کرکے اپنے مذہب اور/یا روحانی وابستگی کی اطلاع دی۔ عملہ کی **اکثریت (76٪) نے کسی مذہبی/روحانی وابستگی کی اطلاع دی**، جبکہ **16٪ عملہ نے کوئی مذہبی اور/یا روحانی وابستگی نہ ہونے کی اطلاع دی**، جبکہ 7٪ نے **متعدد مذہبی اور/یا روحانی وابستگی کی اطلاع دی**۔

**سب سے زیادہ اطلاع شدہ انتخاب عیسائی (46٪)، بنا مذہبی یا روحانی وابستگی (17٪)، روحانی لیکن مذہبی نہیں (10٪)، اور متعدد مذاہب/روحانی وابستگی (7٪) تھے۔**

## مذہب/روحانی وابستگی (وابستگیوں) کی جزئیاتی تفصیل




**مذہب/روحانی وابستگی (یوں)**


- عیسائی-3,550 جواب دہندگان (46٪)
- کوئی مذہبی یا روحانی وابستگی نہیں-1,275 جواب دہندگان (17٪)
- روحانی، لیکن مذہبی نہیں-784 جواب دہندگان (10٪)
- متعدد مذاہب/روحانی وابستگی-525 جواب دہندگان (7٪)
- مسلم-381 جواب دہندگان (5٪)
- اگنوسٹک-389 جواب دہندگان (5٪)
- ملحد-395 جواب دہندگان (5٪)
- ہندو-136 جواب دہندگان (2٪)
- مذہب یا روحانی وابستگی اوپر درج نہیں ہے (براہ کرم وضاحت کریں): 37 جواب دہندگان (1٪)
- سکھ-108 جواب دہندگان (1٪)
- یہودی-39 جواب دہندگان (1٪)
- بدھ مت-39 جواب دہندگان (1٪)
- انڈی جینس روحانیت-13 جواب دہندگان (0.2٪)

HDSB STAFF Census

# صنفی شناخت

ایچ ڈی ایس بی میں، عملہ کے 81٪ اراکین اپنی شناخت خواتین کے طور پر، 18٪ عملہ مرد کے طور پر شناخت کرتا ہے، اور 1٪ عملہ **صنفی متنوع** کی شناخت کرتا ہے جس میں اضافی اور متعدد صنفی شناختیں شامل ہیں۔

## ایچ ڈی ایس بی عملہ کی صنفی شناخت کی جزئیاتی تفصیل





**ایچ ڈی ایس بی عملہ کی صنفی شناخت**

- خواتین-6,269 جواب دہندگان (81٪)
- مرد-1,389 جواب دہندگان (18٪)
- صنفی متنوع-59 جواب دہندگان (1٪)

# جنسی رجحان (رجحانات)

عملہ نے اختیارات کی فہرست میں سے انتخاب کرکے اور / یا کھلے ٹیکسٹ باکس (بیانیہ ڈبہ) میں اپنی پسند درج کرکے اپنے جنسی رجحان کی اطلاع دی۔ **عملہ کی اکثریت سٹریٹ / صنف مخالف کی طرف راغب (93٪) کے طور پر شناخت کرتی ہے جب کہ 7٪ مندرجہ ذیل میں سے ایک اور / یا مجموعہ کے طور پر شناخت کرتے ہیں: لیزبین ہم جنس پرست، گے ہم جنس پرست، دو جنسی، دوروح، کوئیر، سوالیہ، غیر جنسی، غیر جنس پرست، اور / یا اضافی جنسی واقفیت متعین نہیں (جنسی تنوع)۔**

## ایچ ڈی ایس بی کے عملہ کے جنسی رجحان کی جزئیاتی تفصیل




### ایچ ڈی ایس بی کے عملہ کے جنسی رجحان

- جنس مخلف کی طرف راغب (سٹریٹ)-6,652 جواب دہندگان (93٪)
- جنسی تنوع-533 جواب دہندگان (7٪)


* اس میں لیزبین ہم جنس پرست، گے ہم جنس پرست، دو جنسی، دوروح، کوئیر، سوالیہ، غیر جنسی، غیر جنس پرست، اور / یا اضافی جنسی واقفیت متعین نہیں (جنسی تنوع) شامل ہیں۔

HDSB STAFF Census

# معذوری

ایچ ڈی ایس بی میں، 7٪ ملازمین نے اطلاع دی کہ وہ خود کو ایک معذور شخص سمجھتے ہیں، جن میں سے 47٪ کی شناخت ایک سے زیادہ معذوری رکھنے والے کے طور پر ہوئی ہے۔ دماغی صحت کی معذوری (18٪)، سیکھنے کی معذوری (13٪)، اور جسمانی معذوری (6٪) سب سے زیادہ واحد زمروں میں شمار کی جاتی ہے۔ یہ قابل ذکر ہے کہ معذوری کی تمام اقسام کی اطلاع عملہ کے ذریعہ دی گئی تھی، اگرچہ مختلف تعدد کے ساتھ، بشمول درد، نقل و حرکت اور لت۔


## معذوری کی حیثیت (ہاں / نہیں)




### حیثیت (ہاں / نہیں)

- نہیں۔ 27,844 جواب دہندگان (85٪)
- غیر یقینی- 2,918 جواب دہندگان (9٪)
- ہاں- 2,056 جواب دہندگان (6٪)

## معذوری کی اقسام (گروہ)




### ایچ ڈی ایس بی کے عملہ کی معذوری کی اقسام (گروہ)

- متعدد معذوریاں- 266 جواب دہندگان (47٪)
- جواب دہندگان (18٪) 102 - دماغی صحت کی معذوری
- جواب دہندگان (13٪) 71 - سیکھنے کی معذوری
- جواب دہندگان (6٪) 34 - جسمانی معذوری
- بہرے یا سماعت سے محروم- 31 جواب دہندگان (6٪)
- درد- 23 جواب دہندگان (4٪)
- اضافی معذوری: (نشے)، اے ایس ڈی، ترقیاتی معذوری، تقریر کی خرابی)- 9 جواب دہندگان (2٪)
- نقل و حرکت- 12 جواب دہندگان (2٪)
- نابینا یا کم بینائی- 13 جواب دہندگان (2٪)